# 13-11-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱)وقار آباد کلکٹر اور دیگر عہدیداروں پر حملہ کے ضمن میں بی آر ایس لیڈر و سابق وزیر نریندر ریڈی کو آج پولیس نے گرفتار کرلیا۔

(۲)صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 21 نومبر سے حیدرآباد کا دوروزہ دورہ کریں گی۔

(۳)حیدرآباد میں آئی آئی سی ٹی کا ایک علاقائی مرکز قائم کیا جائے گا۔

اور

(۴)مرکزی کنزیومر پروٹیکشن اتھاریٹی نے آج گائیڈ لائن جاری کرتے ہوئے تمام کوچنگ اداروں کے لئے یہ لازم کیا ہے کہ وہ اپنے طلبہ اور کورسس کے تعلق سے تمام تر تفصیلات ظاہر کریں۔

☆☆☆

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 21 نومبر سے حیدرآباد کا دوروزہ دورہ کریں گی۔ ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری نے دروپدی مرمو کے دورہ کے ضمن میں آج سکریٹریٹ میں سینئر عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ مناسب انتظامات کرتے ہوئے اِس بات کو یقینی بنایا جائے کہ صدر جمہوریہ کا دورہ کامیاب رہے۔ انہوں نے محکمہ پولیس کو ہدایت دی کہ مناسب سیکوریٹی انتظامات کئے جائیں ٹریفک کے بھی ٹھوس انتظامات کو بھی یقینی بنایا جائے۔ محکمہ صحت کو ہدایت دی گئی کہ ذیلی ارکانِ عملہ کے ساتھ کوالیفائیڈ ڈاکٹرس کی خدمات کو دستیاب رکھا جائے۔ محکمہ عمارات وشوارع سے کہا گیا کہ ضروری بیریکیڈ لگانے کے علاوہ جی ایچ ایم سی اور محکمہ پولیس کے تعاون سے سڑکوں کی مرمت کے علاوہ دیگر انتظامات کئے جائیں۔ اِس میٹنگ میں ڈی جی پی جتندر، اسپیشل چیف سکریٹریز داخلہ روی گپتا، محکمہ عمارات وشوارع کے وکاس راج، ڈی جی فائر سرویسس ناگی ریڈی اور دیگر عہدیداروں نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆

اطلاعات ونشریات کی مرکزی وزارت کے سکریٹری سنجے جاجو نے آج کہا ہے کہ حیدرآباد میں جلد ہی انڈین انسٹیٹیوٹ آف کیریٹیوٹکنالوجی (آئی آئی سی ٹی) کا ایک علاقائی مرکز قائم کیا جائے گا۔ حیدرآباد میں رواں آئی جی ڈی سی کے موقع پر میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سنجے جاجو نے کہا کہ آئی آئی سی ٹی کو پہلے ہی قائم کیا جاچکا ہے اور مہاراشٹرا حکومت نے ممبئی میں اس کے لئے زمین مختص کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چند ایک علاقائی مراکز قائم کئے جائیں گے تاکہ گیمنگ، انیمیشن اور تفریح کے شعبوں مین ملازمت کے مواقعوں میں اضافہ کرنے کے علاوہ چھوٹی تجارتوں کی حوصلہ افزائی ہوسکے۔ جاجو نے مزید کہا کہ مختلف شہروں میں 230 سے زائد پرائیوٹ ایف ایم ریڈیو چیانلز موجود ہیں جبکہ ایک لاکھ سے زائد افرادان سے استفادہ کرتے ہیں۔ جاجو نے مزید بتایا کہ گوا میں اس ماہ کی 20 تاریخ سے شروع ہونے والے آئی ایف ایف آئی کے افتتاح کے موقع پر پرسار بھارتی کے اوٹی ٹی پلیٹ فارم کا بھی اعلان کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس پلیٹ فارم کے ذریعہ براڈکاسٹنگ، ریڈیو، لائیو چینل انیمیشن اور فلموں وغیرہ کو ایک ہی مقام پر لانے میں مدد ملے گی۔ سنجے جاجو نے انڈیا گیم ڈیولپمنٹ کانفرنس کے دوران نمائش کا مشاہدہ کیا اور وفود سے خطاب کرتے ہوئے گیمنگ اور تفریح کے شعبہ کی حوصلہ افزائی کے لئے حکومت کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی۔

☆☆☆

وقارآباد میں پیش آئے پرتشدد واقعات کے ضمن میں بھارت راشٹراسمیتی لیڈر و سابق وزیر نریندر ریڈی کو پولیس نے آج گرفتار کرلیا۔ ریڈی کو حیدرآباد میں فلم نگر میں واقع ان کے گھر سے گرفتار کیا گیا۔ یہ پیشرفت اس وقت ہوئی جب وقارآباد ضلع کلکٹر پرتیک جین اور دیگر سرکاری عہدیداروں پر حملہ میں بی آر ایس لیڈر کے ملوث ہونے کے الزامات سامنے آئے تھے۔ یہ واقعہ ضلع کے لگ چرلا موضع میں مجوزہ فارما یونٹ کے تعلق سے عوامی سماعت کے دوران پیش آیا تھا۔ نریندر ریڈی کو طبی جانچ کے بعد عدالت میں پیش کیا گیا۔ واضح رہے کہ اس معاملہ میں پولیس کی جانب سے 16 افراد کو گرفتار کیا جاچکا اور عدالتی تحویل میں دیا جاچکا ہے۔ پولیس نے سریش نامی ایک اور شخص کی بھی نشاندہی کی ہے جو سرکاری عہدیداروں پر حملہ کے لئے مبینہ طور پر دیہی افراد کو اُکسانے میں ملوث رہا۔ سمجھا جاتا ہے کہ سریش، نریندر ریڈی کا قریبی ساتھی ہے۔ اسی دوران بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے نریندر ریڈی کی گرفتاری پر تنقید کی اور الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت، بی آر ایس کی ساکھ کو متاثر کرنے کے لئے سازش کررہی ہے۔ سابقہ آئی ٹی وزیر نے کہا کہ نریندر ریڈی کی گرفتاری غیرقانونی ہے جنھوں نے عوام کی تشویش پر احتجاج بلند کیا تھا۔

☆☆☆

ضلع پداپلی میں کل رات ایک مال گاڑی پڑیوں سے اتر گئی جس کی بنا پر ساؤتھ سنٹرل ریلوے کی حدود میں کئی ٹرینوں کو منسوخ کرنا پڑا یا پھران کا رخ موڑ دیا گیا۔ ایس سی آر کے عہدیداروں کے مطابق پداپلی ٹاؤن کے حدود میں راگھو پورم اور راما گنڈم کے درمیان ایک مال گاڑی کے 11 ڈبے پٹری سے اتر گئے۔ اس مال گاڑی میں لوہے کی سلاخیں تھیں۔ اس واقعہ کی بنا پر 37 ٹرینوں کو منسوخ کردیا گیا جبکہ دیگر کئی ٹرینوں کو جزوی طور پر منسوخ کرنے کے علاوہ ان کا رخ موڑ دیا گیا یا پھران کے اوقات میں تبدیلی کی گئی۔

☆☆☆

مرکزی کنزیومر پروٹیکشن اتھاریٹی نے آج گائیڈ لائن جاری کرتے ہوئے تمام کوچنگ اداروں کے لئے یہ لازم کیا ہے کہ وہ اپنے طلبہ اور کورسس کے تعلق سے تمام تر تفصیلات ظاہر کریں۔ اس فیصلہ کا مقصد اولیائے طلبہ اور طلباء کو گمراہ ہونے سے روکنا ہے۔ امور صارفین محکمہ کی سکریٹری ندھی کھرے نے مختلف کوچنگ اداروں کی جانب سے گمراہ کرنے والے اشتہارات کے خلاف نئی دہلی میں گائیڈ لائنس جاری کیں۔ ان گائیڈ لائنس کے مطابق اداروں کو بہرصورت چاہئے کہ اپنی خدمات، سہولتوں اور انفرااسٹرکچر کے تعلق سے تفصیلات ظاہر کریں۔ ندھی کھرے نے یہ بھی کہا کہ کوچنگ اداروں کو اس سلسلہ میں سرگرمی کے ساتھ ایک میکانزم تیار کرنا ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ نیشنل کنزیومر ہیلپ لائن کی مداخلت کی بنا پر اب تک مختلف انسٹیٹیوٹ کی جانب سے ایک کروڑ روپے کی رقم واپس کی جاچکی ہے۔ مختلف طلبہ نے گزشتہ سال ستمبر سے اس سال اگست تک ہلپ لائن کے ذریعہ مدد حاصل کی تھی۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے آج ملک بھر کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں بشمول تلنگانہ میں واقع کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشن کے 18 پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی کیندروں کو قوم کے نام وقف کیا۔ مودی نے بہار کے علاقہ دربھنگہ سے ایک ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ ان کیندروں کا افتتاح کیا۔ انہوں نے 12 ہزار کروڑ روپے سے زائد رقم پر مشتمل دیگر ترقیاتی پراجکٹس کے ساتھ ان کیندروں کا افتتاح انجام دیا۔ ان کیندروں سے ریلوے اسٹیشنوں پر مسافرین کو مناسب قیمت پر معیاری دوائیں دستیاب رہیں گی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ حکومت ملک

بھر میں صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لئے ٹھوس اقدامات کررہی ہے۔ان کے مطابق حکومت کی توجہ عوام کو قابل دسترس اور مفت طبی نگہداشت اور دوائیں فراہم کرنے پر مرکوز ہیں۔اس موقع پر ایس سی آر کے ڈویژنل منیجر حیدرآباد لوکیش وشنئی بھی موجود تھے۔

☆☆☆

سرکردہ انقلابی شاعر کالوجی نارائن راؤ کی برسی کے موقع پر ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے نظام کی حکمرانی کے خلاف جدوجہد کرنے اور نوآبادیاتی انتظامیہ کی پالیسیوں کو دبانے میں اہم رول ادا کرنے پر انہیں بھرپور خراج پیش کیا۔ریونت ریڈی نے ایک بیان میں کہا کہ کالوجی نے ناانصافی کے خلاف اپنے قلم کو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا اور مظلوموں کے حقوق کی وکالت کرنے کے علاوہ عام لوگوں کے استحصال کے خلاف آواز اٹھائی۔اس موقع پر مختلف ثقافتی پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔

☆☆☆

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ ایسٹس پروٹیکشن ایجنسی (حائیڈرا) کے کمشنر اے وی رگناتھ نے آج حیدرآباد کے علاقہ عنبرپیٹ میں واقع ڈی ڈی کالونی میں بتکماں کنٹہ جھیل کا معائنہ کیا۔انہوں نے اس موقع پر کہا کہ اس جھیل کی دومہینوں میں تزئین نو کی جائے گی۔مقامی افراد کی جانب سے انہدامی کارروائی پر تشویش کا اظہار کئے جانے پر رگناتھ نے کہا کہ ایجنسی کی جانب سے مکانات اور رہائشی علاقوں میں کسی طرح کی کارروائی نہیں کی جائے گی۔حائیڈرا کے کمشنر نے مزید کہا کہ مذکورہ جھیل کے آس پاس پانچ ایکڑ اراضی کو استعمال میں لاتے ہوئے تزئین نو کی جائے گی۔ان کے مطابق جھیل کے اطراف موجود درختوں اور دیگر اشیاء کو ہٹادیا جائے گا۔